APPENDIX I:
Sample Parent Notification Letters

Letter A: Sample letter notifying parents about HIV/AIDS lessons; for grades K-12.

عزیزی والدین یا سرپرست:

HIV/AIDS صحت کے انتہائی سنگین مسائل میں سے ایک ہے جس سے امریکیوں کو سامنا کرنا پڑا ہے۔ طبی میدان میں پیشرفت نے HIV سے متاثرہ افراد کو کافی سالوں تک صحتمند رکھنے میں بہت کامیابی حاصل کی ہے۔ پھر بھی، اسکا کوئی علاج نہیں ہے، اور تعلیم ہی ایک ایسا ذریعہ ہے جس سے ہم اپنے طلبا کی جراثیم سے آلودہ ہونے سے بچنے میں مدد کرسکتے ہیں۔ مئیر de Blasio کے نئے ہیلتھ ایڈ ورکس آغازکار میں متعدد سالوں کی سرمایہ کاری DOE کی طلبا کی صحت کے لیے پُرعظمی کو ہمارے تمام اسکولوں میں صحت کی تعلیم میں مدد کو بڑھا کر مستحکم کرے گی۔

نیویارک ریاست محکمئہ تعلیم اور نیویارک شہر محکمئہ تعلیم (NYCDOE) کا مطالبہ ہے کہ HIV/AIDS کی تعلیم بطور جامع صحت کی تعلیم کے ایک جز کنڈرگارٹن سے گریڈ 12 تک کے تمام طلبا کو فراہم کی جائے۔ HIV/AIDS کا نصاب جو NYCDOE نے نیویارک شہر کے طلبا کے لیے تیار کیا ہے وہ عمر اور نشوونما کے لحاظ سے موزوں ہے۔ مثلاً، کنڈرگارٹن میں بچے سیکھتے ہیں کہ لوگ کس طرح بیمار پڑتے ہیں اور کس طرح ٹھیک ہوجاتے ہیں۔ گریڈ 7 میں بچے سیکھتے ہیں کہ HIV کس طرح مدافعتی نظام پر اثر انداز ہوتی ہے، الکوحل اور منشیات کے استعمال کے خطرات، اور والدین / سرپرستوں یا نگہداشت فراہم کنندگان کے ساتھ ابلاغ کی اہمیت۔ ہائی اسکول میں اسباق طلبا کو سکھاتے ہیں کہ ایسے طرزِ عمل سے کیسے بچا جائے جو انہیں HIV ، جنسی طور پر منتقل کردہ انفیکشنز (STIs) اور ناخواستہ حمل کے خطرے سے دوچار کرتے ہیں۔

بطور ایک والدین یا قانونی سرپرست کے، آپکو حق حاصل ہے کہ آپ اپنے بچے کو HIV/AIDS کے ان اسباق سے مستثنٰی کروالیں جو HIV/جنسی طور پر منتقل کردہ انفیکشنز سے بچاو کے طریقے سکھاتے ہیں۔ بچاو کے ان "اوپٹ آوٹ" اسباق کی HIV/AIDS نصاب میں نشاندہی کی گئی ہے، جو آن لائن ہے: https://www.weteachnyc.org/resources/resource/hivaids-curriculum-2012-edition/

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے بچے کو استثنٰی کردیا جائے، آپ کے لیے مجھے ایک خط لکھنا لازمی ہے جس میں بیان کیا جائے کہ:

- "اوپٹ آوٹ" بچاؤ کے اسباق کے دوران آپ کا بچہ کلاس روم میں نہ ہو؛ اور
- آپ اپنے بچے کو بچاؤ کے بارے میں گھر پر بتائیں گے۔

اپنے بچے کی HIV/AIDS کے بارے میں آپ سے بات کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔ ایسا کرنا آپ سے اپنے بچے کی HIV کی منتقلی کے بارے میں آگاہی کو بڑھانے میں مدد کرسکتا ہے، اور آپ اور آپ کے بچے کے لیے اس پر بات چیت کرنے کے مواقع فراہم کرسکتا ہے کہ کس طرح جنسی مباشرت سے بچنا بچوں کے لیے انکی صحت اور مستقبل کو محفوظ کرنے کا اہم ترین اور مؤثر ترین طریقه ہے۔

ہم اپنی اسکول بہبود کونسل میں شمولیت یا PTA کی HIV/AIDS کے بارے میں پیشکشوں کو ہم آہنگ کرنے کا خیرمقدم کرتے ہیں۔ اپنے بچے کے استاد، والدین رابطہ کار، یا مجھ سے اس بارے میں بات کریں کہ آپ کس طرح اسباق میں مدد کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کے اس پروگرام کے بارے میں کوئی سوالات ہیں تو، برائے مہربانی مجھ سے ________________ پر رابطه کریں۔

مخلص،

پرنسپل